www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com • saharaexpress123@gmail.com • saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi

روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی
SAHARA EXPRESS,DELHI

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:163 20.06.2025 FRIDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۶۳/جمعہ/۲۰/جون ۲۰۲۵/مطابق/۲۳/ذی الحجہ/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08



# احمدآباد طیارہ حادثے میں مہلوکہ 211 افراد کے ڈی این اے کے نمونے کی مماثلت مکمل، 189 لاشیں لواحقین کے حوالے



احمدآباد، 19 جون (یو این آئی) گجرات کے احمدآباد سول اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راکیش جوشی نے جمعرات کے روز کہا کہ احمدآباد طیارہ حادثے میں مرنے والے 211 لوگوں کے ڈی این اے کے نمونے کی مماثلت مکمل ہوگئی ہے۔ اب تک کل 189 لاشیں لواحقین کے حوالے کی جاچکی ہیں۔ ڈاکٹر راکیش جوشی نے کہا کہ جلد ہی آٹھ خاندان اپنے رشتہ داروں کی لاشیں لینے آئیں گے، 11 خاندان دیگر رشتہ داروں سے ڈی این اے میچ ہونے کا انتظار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 189 مہلوکین کی لاشوں میں سے 142 ہندوستانی، سات پرتگالی، 32 برطانوی شہری، ایک کناڈائی اور سات نامعلوم ہیں۔ ڈاکٹر راکیش جوشی نے لواحقین کے حوالے کی جانے والی لاشوں کی تفصیلات بھی بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ ڈی این اے سیمپل میچنگ کا عمل انتہائی حساس ہے اور اس میں قانونی امور بھی شامل ہیں اس لیے یہ عمل انتہائی سنجیدگی اور تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ فورنسک سائنس یونیورسٹی اور اس سے ملحقہ دیگر ادارے، مقامی انتظامیہ، وزارت صحت اور ریاستی حکومت کے دیگر محکمے اور مختلف ایجنسیاں مہلوکین کی لاشوں کو ان کے لواحقین کے حوالے کرنے کے لیے انتھک کوششیں کر رہی ہیں۔

## امریکہ میدان میں آچکا، یقیناً اللہ ایرانی قوم کو حق کو ضرور فتح عطا فرمائے گا: خامنہ ای

تہران، 19 جون (یو این آئی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی جانب سے ایکس پر قرآن پاک کی سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 126 کا ترجمہ پوسٹ کیا گیا ہے 'اور فتح صرف اللہ کی طرف سے ہے، جو غالب ہے، حکمت والا ہے' (سورۃ آل عمران 3:126)۔ انہوں نے ایکس پر اپنے پیغام میں لکھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ ایرانی قوم کو حق کو، اور سچائی کے ساتھ کھڑے ہونے والوں کو ضرور فتح عطا فرمائے گا، ان شاء اللہ۔ ایرانی قوم کے نام پیغام میں خامنہ ای نے کہا کہ میں اپنی عزیز قوم سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر دشمن کو یہ محسوس ہوا کہ آپ ان سے ڈرتے ہیں، تو وہ آپ کو کبھی نہیں چھوڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ نے آج تک جو رویہ اختیار کیا ہے، اُسے جاری رکھیں، اور اسی قوت، ہمت اور استقامت کے ساتھ آگے بڑھیں۔ سپریم لیڈر نے مزید لکھا کہ امریکہ (جو صیہونی حکومت کا دوست ہے) میدان میں آچکا ہے اور اس طرح کی باتیں کر رہا ہے، خود اس حکومت کی کمزوری اور بے بسی کی علامت ہے۔ دوسری طرف برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے امریکہ کی جانب سے ایران پر بمباری کے منصوبے کی منظوری کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ سے 'تحمل' سے کام لینے کی اپیل کی ہے۔ برطانوی روزنامے ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر کے ترجمان نے تمام فریقین سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ 'کشیدگی کم کریں'۔ یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب برطانیہ، جرمنی اور فرانس کے وزرائے خارجہ جمعہ کو جنیوا میں ایران کے ساتھ جوہری پروگرام پر مذاکرات کریں گے۔ برطانوی وزیراعظم کے ترجمان نے مزید کہا کہ موجودہ صورتحال کا جاری رہنا کسی کے مفاد میں نہیں، ہم تحمل، بردباری اور سفارتی راستے پر واپسی دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ یہی سب سے بہتر راستہ ہے۔









